حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا

١- ﴿ أَنتَ وَلِيُّنَا فَٱغْفِرْ لَنَا وَٱرْحَمْنَا ۖ وَأَنتَ خَيْرُ ٱلْغَٰفِرِينَ ﴿١٥٥﴾ وَٱكْتُبْ لَنَا فِى هَٰذِهِ ٱلدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِى ٱلْءَاخِرَةِ إِنَّا هُدْنَآ إِلَيْكَ ۚ ﴿١٥٦﴾ ﴾ (الأعراف: ١٥٥ - ١٥٦)

"توہی ہمارا کارساز ہے۔ تو ہمیں ہمارا گناہ بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور ہمارے لئے اس دنیا میں بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی، ہم نے تیری طرف رجوع کر لیا"۔

٢- ﴿ رَبِّ ٱشْرَحْ لِى صَدْرِى ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِىٓ أَمْرِى ﴿٢٦﴾ وَٱحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِى ﴿٢٧﴾ ﴾ (طه: ٢٥ - ٢٧)

"اے میرے رب، (اس کام کے لئے) میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے"۔

٣- ﴿ رَبِّ إِنِّى ظَلَمْتُ نَفْسِى فَٱغْفِرْ لِى ﴿١٦﴾ ﴾ (القصص: ١٦)

"اے میرے رب' میں نے اپنے اوپر ظلم کیا تو مجھے بخش دے"۔

٤- ﴿ رَبِّ نَجِّنِى مِنَ ٱلْقَوْمِ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢١﴾ ﴾ (القصص: ٢١)

"اے پروردگار' مجھے ظالم لوگوں سے نجات دے"

٥- ﴿ رَبِّ إِنِّى لِمَآ أَنزَلْتَ إِلَىَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ ﴿٢٤﴾ ﴾ (القصص: ٢٤)

"اے پروردگار' میں اس کا محتاج ہوں کہ مجھ پر اپنی نعمت نازل فرما"۔